سجدہ تلاوت کی دعا

١- «سَجَدَ وَجْهِي لِلَّذِي خَلَقَهُ، وَشَقَّ سَمْعَهُ, وَبَصَرَهُ بِحَوْلِهِ وَقُوَّتِهِ، تَبَارَكَ اللَّهُ أَحْسَنُ الخَالِقِينَ»

"میرے چہرے نے اس ذات کے لئے سجدہ کیا جس نے اسے پیدا کیا، اس کے کان اور آنکھ کے سوراخ نکالے اپنی طاقت اور قوت سے، پس برکت والا ہے اللہ جو سب بنانے والوں سے اچھا ہے" (ترمذی واحمد)

٢- «اللَّهُمَّ اكْتُبْ لِي بِهَا عِنْدَكَ أَجْرًا، وَضَعْ عَنِّي بِهَا وِزْرًا، وَاجْعَلْهَا لِي عِنْدَكَ ذُخْرًا، وَتَقَبَّلْهَا مِنِّي كَمَا تَقَبَّلْتَهَا مِنْ عَبْدِكَ دَاوُدَ»

"اے اللہ! اس سجدے کے بدلے میرے لئے اپنے یہاں اجر لکھ لے اور اس کے ذریعہ مجھ سے گناہوں کا بوجھ اتار دے اور اسے میرے لئے اپنے پاس ذخیرہ بنالے اور اسے مجھ سے اس طرح قبول فرما جس طرح تونے اپنے بندے داود سے قبول کیا تھا"۔ (ترمذی)